شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے‘ ماڈل ٹاؤن لاہور‘ فون: 042-35869501‘ ای میل: media@tanzeem.org

13مئی2024ء

# پریس ریلیز

## رفح پر شدید ترین اسرائیلی حملہ پر مسلمان ممالک کی خاموشی انتہائی شرمناک ہے۔
## صہیونی، سرزمینِ غزہ کو صفحۂ ہستی سے مٹانے پر تُلے ہوئے ہیں۔ (شجاع الدین شیخ)

**لاہور(پ ر):** رفح پر شدید ترین اسرائیلی حملہ پر مسلمان ممالک کی خاموشی انتہائی شرمناک ہے۔ صہیونی، سرزمینِ غزہ کو صفحۂ ہستی سے مٹانے پر تُلے ہوئے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ اسرائیل گزشتہ سات ماہ سے غزہ پر شدید ترین بمباری کر رہا ہے اور بڑی تعداد میں بچوں، عورتوں اور بوڑھوں کو شہید کر چکا ہے۔ ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت غزہ کے تقریباً 15 لاکھ مسلمانوں کو وحشیانہ بمباری کے ذریعہ انتہائی جنوب یعنی رفح میں دھکیل دیا گیا ہے اور اب اسرائیل نے رفح پر بڑے حملے کا آغاز کر دیا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ غزہ کے مسلمانوں کی اس نسل کُشی میں اسرائیل کو امریکہ اور مغربی یورپ کی مکمل حمایت بلکہ معاونت حاصل ہے۔ امیر تنظیم نے کہا کہ مسلمان ممالک کی بزدلی اور کم ہمتی کا یہ عالم ہے کہ بڑھتی ہوئی اسرائیلی درندگی کے خلاف کھل کر آواز بلند کرنے کو بھی تیار نہیں۔ کئی مسلمان ممالک نے ابھی تک اسرائیل سے تعلقات منقطع نہیں کئے اور دیگر مسلمان ممالک کا حال یہ ہے کہ درپردہ مدد یا مجرمانہ خاموشی کے ذریعے ناجائز صہیونی ریاست کو ہی تقویت دے رہے ہیں۔ اسرائیل کے اہلِ فلسطین پر انسانیت سوز مظالم بلکہ جرائم کے خلاف مغربی ممالک کی کئی یونیورسٹیوں میں احتجاج جاری ہے لیکن مسلمان ممالک کے لیے مقامِ شرم ہے کہ کسی بڑی یونیورسٹی میں اسرائیل کی مخالفت اور اہلِ فلسطین کے حق میں کوئی بڑا مظاہرہ دیکھنے میں نہیں آیا۔ مملکتِ خداداد پاکستان کا حال یہ ہے کہ حکومتی اور ریاستی اداروں کی سطح پر انتہا درجہ کی بے حسی تو باعثِ شرم ہے ہی، دکھ اور افسوس کا مقام ہے کہ ہماری یونیورسٹیوں میں بھی ناچ گانا، ہندوانہ رسومات کو منانا، میوزک کنسرٹس اور سیکولر/لبرل سرگرمیاں جاری ہیں لیکن غزہ کے مسلمانوں سے اظہارِ یکجہتی کے لیے کوئی اجتماعی کاوش نظر نہیں آ رہی۔ حقیقت یہ ہے کہ اللہ اور رسول ﷺ سے بغاوت کی اس روش نے امتِ مسلمہ کو آج ذلیل و رسوا کر رکھا ہے۔ اگر اب بھی مسلمان ممالک کے حکمرانوں، مقتدر طبقات اور عوام نے انفرادی اور اجتماعی سطح پر توبہ کر کے بغاوت کی اس روش کو ترک نہ کیا اور اسرائیل کے خلاف غزہ کے مظلوم مسلمانوں کی کھل کر سفارتی، مالی اور عسکری مدد کے لیے اقدامات نہ کیے تو دنیا کی رسوائی کے ساتھ آخرت میں بھی مجرم قرار پائیں گے۔ اللہ تعالیٰ غزہ کے مسلمانوں کی نصرت فرمائے اور امتِ مسلمہ کو غیرتِ ایمانی عطاء فرمائے۔ آمین!

جاری کردہ
**خورشید انجم**
مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

# Tanzeem-e-Islami

**PRESS RELEASE: 13 May 2024**

**Lahore (PR): "The silence of Muslim countries on the brutal Israeli attack on Rafah is extremely shameful. The Zionists are bent on erasing Gaza from existence." (Shujauddin Shaikh)**

This was said by the Ameer of Tanzeem e Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer said that Israel has been relentlessly bombing Gaza for the past seven months, resulting in the martyrdom of a large number of children, women, and elderly. Almost 1.5 million Muslims from Gaza have been constantly pushed towards southern Rafah through savage bombings as part of an insidious Israeli plan, and now Israel has initiated a major ground and air assault on Rafah. The reality is that Israel has complete support, even assistance, from America and Western European countries in this genocide of the Muslims of Gaza. The Ameer said that the state of fear and cowardice of Muslim countries is such that they are unwilling to raise even their voices against the escalating Israeli cruelty. Many Muslim countries have not yet severed ties with Israel, and the situation for other Muslim countries is such that they are strengthening the illegitimate Zionist state either through covert aid or criminal silence. Humanitarian atrocities, rather crimes, against the people of Palestine by the Israelis have led to ongoing protests in several universities in Western countries, but it is a matter of shame for Muslim countries that there has been no significant protest against Israel or in support of Palestinians in any major university. In the Islamic Republic of Pakistan, the government and other state institutions have shamefully shown criminal aloofness to the plight of the Muslims of Gaza. Moreover, it is a matter of great shame and sorrow that our universities are still engaged in Hindu rituals, music concerts, and secular/liberal activities, yet there is no visible effort for solidarity with the Muslims of Gaza. The truth is that this rebellion against Allah *(SWT)* and His Messenger *(SAAW)* has brought disgrace and humiliation upon the Muslim Ummah today. If the rulers, state institutions, and the masses of Muslim countries do not repent and abandon this rebellious path at individual and collective levels, and do not take concrete steps against Israel in support of the oppressed Muslims of Gaza through diplomatic, financial, and military means, they will face more ignominy in this world and be held accountable as criminals in the Hereafter. May Allah grant victory to the Muslims of Gaza and grant the Muslim Ummah real faith. *Ameen!*

**Issued by:**
**Khursheed Anjum**
**Markazi Nazim Nashr o Ishaat**